28/03/2026

12.30 pm

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور لیفٹنٹ گورنروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک میٹنگ کی صدارت کی جس میں مغربی ایشیا میں حالیہ پیشرفت سے پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک پر اس کے ممکنہ اثرات کی روشنی میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے تیاری اور مربوط کاروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کو اس طرح سے عالمی خلل سے نمٹنے کا تجربہ ہے۔ انہوں نے حکومت کی ترجیحات، معاشی اور تجارتی استحکام کو برقرار رکھنے، توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے، شہریوں کے مفادات کا تحفظ نیز صنعت اور سپلائی چین کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔ میٹنگ میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی شرکت کی ۔

ایکسائز

حکومت نے مقامی کھپت کیلئے پیٹرول اور ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں فی لیٹر دس ۔دس روپے کی کمی کر دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے بتایا کہ یہ فیصلہ مغربی ایشیا کے بحران کے پیش نظر کیا گیاہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے صارفین کو قیمتوں میں اضافے سے تحفظ ملے گا ۔وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ شہریوں کو ضروری اشیاءکی فراہمی میں اُتار چڑھاؤ اور قیمتوں کے بوجھ سے محفوظ رکھا جائے ۔

پیٹرول

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات ، رسوئی گیس اور ضروری اشیاءکی کوئی کمی نہیں ہے ۔ جموں میں جموں میراتھن کا افتتاح کرنے Expo کے بعد میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں ۔

ایل جی ملاقات

بی جے پی جموں و کشمیر کے قانوں اور قانونی امورکے کنوینر ایڈوکیٹ امت گپتا نے کل پارٹی کی لیگل سیل کے انچارج ایڈوکیٹ امت منہاس کے ہمراہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

دریں اثنا چشوٹی پاڈر کشتواڑ کے ایک عوامی وفد نے بھی کرتار سنگھ راٹھور کی قیادت میں لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کر کے کئی اہم امور پر ا ن کے ساتھ بات کی۔±

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت کرناہ میں سرحدی سیاحت کو فروغ دینے کا منصوبہ رکھتی ہے ۔ اس بات کی جانکاری انہوں نے اسمبلی میں جاری اجلاس میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے دی ۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ایک میٹنگ کے دوران پوشن ابھیان کے تحت خواتین اور بچوں کی بہبود سے متعلق وزارت کے ذریعے منعقد کیے جانے والے چنتن Shivir کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ واضح رہے کہ اس دو روزہ پروگرام میں مرکزی وزرائ، مختلف ریاستوں اور یوٹیز کے وزراء، سینئر انتظامی عہدےداروں، ماہرین اور کئی اہم اداروں کے نمائندوں کی شرکت متوقع ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ تعلیم کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ طے شدہ معیاد پر عمل کریں۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ تعلیم کے شعبے میں اصلاحات، مجموعی ترقی کی بنیاد ہے۔ یہ میٹنگ پانچویں چیف سیکرٹری کانفرنس سے پیدا ہونے والے قابل عمل نکات پر عمل درآمد کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے منعقد کی گئی۔

کولگام

ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر کولگام شہزاد عالم نے منی سیکرٹریٹ کولگام سے ایک IEC وین کو جھنڈی دکھا کرروانہ کیا جس کا مقصد عوام میں پنچایت انتخابی فہرست 2026 کے سلسلے میں بےداری پیدا کرنا ہے۔

گاندر بل

ڈپٹی کمشنر گاندر بل جتن کشور نے ایک میٹنگ میں سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر اقدامات کو بروقت مکمل کریں۔ انہوں نے تمام Executing ایجنسیو نکو ہدایت دی کہ وہ ٹائم لائنز پر سختی سے عمل کریں اور یاتراکے راستے چل رہے تمام ترقیاتی کاموں کے معیار کو یقینی بنائیں۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلع مینایک میٹنگ میں ضروری اشیاء:پیٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی دستیابی اور سپلائی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عوام کو اشیاءکی بلا تعطل دستیابی کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

****